BRAMPTON

Media Release

برائے فوری اجراء

'مائی برامپٹن ڈے' کو سپرنگ ڈیل برامپٹن لائبریری میں

سٹی آف برامپٹن اور CBC کے ساتھ منائیں

برامپٹن، آن (14 مارچ 2022) – سٹی آف برامپٹن، برامپٹن لائبریری اور آرٹس، کلچر اینڈ کری ایٹو انڈسٹری ڈویلپمنٹ ایجنسی (ACCIDA) کے اشتراک سے CBC شہر میں جشن منا رہا ہے اور اس سلسلے میں 30 مارچ کو 'مائی برامپٹن ڈے' کو سپرنگ ڈیل برامپٹن لائبریری میں منعقد کیا جا رہا ہے۔

'مائی برامپٹن ڈے'

سپرنگ ڈیل برامپٹن لائبریری

10705 برامیلا روڈ

بدھ، 30 مارچ

تقریبات کا شیڈول

- دن 11 بجے - CBC ٹورانٹو کی جانب سے برامپٹن کے آرٹسٹ ایبیولا آئیڈوو کے تیار کردہ آرٹ مجسمے کی نقاب کشائی
- دن 12 بجے - ابیولا آئیڈو کی جانب سے اور ACCIDA کے اشتراک کے ساتھ ایک متعامل آرٹ ایکٹیویشن
- شام 5:30 پر - ایک متعامل CBC ٹورانٹو لِسننگ سیشن
- شام 7:30 پر - 'آل روڈز لیڈ ٹو برامپٹن'، ایک پینل بات چیت جس کی میزبانی CBC ٹورانٹو کے برامپٹن بیورو کے ناو نانوا کریں گے۔

ابیولا آئیڈو کے ساتھ مفت لائیو ونڈو مُورل آرٹسٹ ایکٹیویشن

سٹی آف برامپٹن کی آرٹس، کلچر اینڈ کری ایٹو انڈسٹری ڈیولپمنٹ ایجنسی (ACCIDA) کے ساتھ شراکت داری میں، لائبریری کو اپنے کینوس میں تبدیل کرنے کے موقع کے لیے مقامی آرٹسٹ ابیولا آیڈوو کے ساتھ شامل ہو جائیں۔ شرکاء کو لائبریری میں شیشے کی بڑی کھڑکیوں پر خاکہ بنانے اور ڈرائنگ کرنے کے لیے مدعو کیا جاتا ہے۔ ہر عمر کے افراد بخوشی شرکت کر سکتے ہیں، تجربہ کی ضرورت نہیں ہے۔

ٹکٹ مفت ہیں اور تصدیق شدہ مہمانوں کو لمیٹڈ ایڈیشن CBC ٹورانٹو برامپٹن کی جانب سے ایک شاندار سویگ پیک بھی ملے گا۔ تفصیلات اور رجسٹر ہونے کے لیے، ملاحظہ کریں: cbc.ca

CBC ٹورانٹو نے 2021 کے موسم خزاں میں برامپٹن کا ایک خصوصی بیورو بنایا تھا۔ اس کے بعد اب تک، برامپٹن میں پُرعزم رپورٹرز اور پروڈیوسرز کی ایک ٹیم مقامی کمیونٹی کے لیے انتہائی اہم سٹوریز کا اشتراک کرتی رہی ہے۔

اقتباسات

"ہم سپرنگ ڈیل لائبریری برانچ میں 'مائی برامپٹن ڈے' کی تقریب کے ایک حصے کے طور پر CBC کے جشن منانے اور اپنے شہر کی کہانی سنانے کے لیے پرجوش ہیں۔ برامپٹن کا تنوع، ثقافت اور تخلیقی صلاحیتیں اس شہر کو بہت خاص بناتی ہیں اور کمیونٹی کے ساتھ مل کر اس کا جشن منانا بہت اچھا لگتا ہے۔"

- پیٹرک براؤن، میئر، سٹی آف برامپٹن

"اس خاص مقام کے لیے برامپٹن کی اہمیت کو پہچاننے پر CBC کا شکریہ۔ مجھے ACCIDA اور مقامی فنکار ابیولا آیڈوو کو ہماری خوبصورت متنوع آبادی کا جشن منانے اور عوامی آرٹ کے ذریعے کمیونٹی سے جڑنے کے لیے اس تقریب میں اپنی تخلیقی صلاحیتوں کو لاتے ہوئے دیکھ کر بہت خوشی محسوس ہوئی ہے۔"

- رووینا سینتوس، ریجنل کونسلر وارڈز 1 اور 5؛ وائس چیئر، کارپوریٹ سروسز، سٹی آف برامپٹن؛ کونسل پینل ممبر، آرٹس، کلچر اینڈ کریئیٹو انڈسٹری ڈیولپمنٹ ایجنسی

"CBC ٹورانٹو برامپٹن لائبریری کے ساتھ اشتراک کر کے کمیونٹی اور شہر میں ہونے والی کچھ حیرت انگیز چیزوں پر روشنی ڈالنے پر بہت خوش ہے۔ ہم برامپٹن کے باشندوں سے ذاتی طور پر جڑنے کے موقع کے منتظر ہیں۔"

- پرسانا راجگوپالن، ڈائریکٹر، جرنلزم + پروگرامنگ، CBC ٹورانٹو

"برامپٹن لائبریری اس دلچسپ تقریب میں CBC کے ساتھ شراکت داری کرنے پر بہت زیادہ خوش ہے۔ ہم بالمشافہ طور پر منعقد ہونے والی تقریبات میں لوگوں کا استقبال کرنے کے لیے انتہائی پرجوش ہیں اور برامپٹن کے رہائشیوں کے لیے اپنی کمیونٹی کو دوبارہ دریافت کرنے اور نئے رابطوں کی ترغیب دینے کے موقع کے منتظر ہیں!"

- ٹوڈ کائل، چیف ایگزیکٹو آفیسر، برامپٹن لائبریری

"ACCIDA اس خاص دن کے موقع پر CBC اور برامپٹن لائبریری میں اپنے دوستوں کے ساتھ شراکت کرنے پر بہت خوش ہے - بشمول آئیبولا کے نئے مجسمے کی نقاب کشائی اور ہماری انٹرایکٹو ونڈو انسٹالیشن۔ برامپٹن مختلف کمیونٹیز پر مشتمل ایک خوبصورت گلدستے کی مانند ہے اور فنون و ثقافت کا گڑھ ہے۔ ہم مقامی ہنر مندوں اور وسائل کی نمائش کرنے کے لیے پرجوش ہیں، جو ہماری تنظیم فنکار کمیونٹی کو اس منفرد انداز میں پیش کرتی ہے۔"

- نووی سدھو، چیئر، آرٹس، کلچر اینڈ کریئیٹو انڈسٹری ڈیولپمنٹ ایجنسی (ACCIDA)

30--

کینیڈا میں تیز ترین رفتار سے بڑھنے والے شہروں میں سے ایک کے طور پر برامپٹن 700,000 سے زائد لوگوں اور 75,000 سے زائد کاروباروں کا گھر ہے۔
ہمارے ہر عمل کا مرکز عوام ہوتے ہیں۔ ہمیں اپنی متنوع کمیونٹی سے توانائی ملتی ہے، ہم سرمایہ کاری کے لیے کشش پیدا کرتے ہیں اور ہم ٹیکنالوجی اور ماحولیاتی جدت میں رہنما کردار ادا کرنے کے سفر پر نکل رہے ہیں۔ ہم اس لیے شراکت داری کرتے ہیں تاکہ ہم ایک ایسا صحت مندانہ شہر بنا سکیں جو محفوظ، قابل دوام اور کامیاب ہو۔ ہمارے ساتھ ٹوئٹر، فیس بک اور انسٹاگرام پر مربوط ہوں۔ مزید جاننے کے لیے www.brampton.ca ملاحظہ کریں۔

میڈیا کنٹیکٹ
سٹی آف برامپٹن ملٹی کلچرل میڈیا
multiculturalmedia@brampton.ca